© rasailojaraid.com



# مطبوعات

کتاب : تجلیات ربانی حصہ اول
(ترجمہ و تلخیص مکتوبات مجدد الف ثانی)
مرتبہ: نسیم احمد فریدی ۔ امروہوی
ناشر: مکتبہ سراجیہ ۔ خانقاہ احمدیہ سعیدیہ
موسیٰ زئی شریف ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان
ضخامت : ۲۶۴ صفحات ۔ دبیز سرورق
قیمت : ۱۸/ روپے

اس مفید کتاب میں حضرت شیخ احمد (سرہندی) مجدد الف ثانی رح کے مکاتیب کا ایک حصہ بصورت ترجمہ و تلخیص پیش کیا گیا ہے۔ شروع میں شیخ کے حالات زندگی دیے گئے ہیں جو باوجود اجمال کے بہت بصیرت افروز ہیں۔

ابتدائی اوراق میں اس فتنہ کا ذکر کیا گیا ہے جو فتنۂ برزنجی کہلاتا ہے۔ محمد صالح اورنگ آبادی دیا گجراتی اور محمد عارف اور عبداللہ سورتی نے حضرت مجدد کے بعض مکاتیب کا ترجمہ فارسی سے عربی میں تحریف کے ساتھ کر دیا اور سید محمد برزنجی ساکن مدینہ منورہ کو بھیجا کہ وہ ان فاسد خیالات کا تنقیدی و تردیدی جواب لکھ دیں۔ چنانچہ سید برزنجی نے حضرت مجدد کے خیالات کی تردید میں ایک رسالہ تحریر کیا اور مدینہ اور مکہ کے علماء سے اس کی تصدیق و تائید چاہی۔ بیشتر علماء نے انکار کیا۔ دو ایک غیر معتبر علماء نے دستخط کر دیے۔ مگر معاملہ جب شیخ نورالدین محمد بیگ کے پاس پہنچا تو وہ چونکہ فارسی و عربی دونوں زبانیں جانتے تھے، اس لیے انہوں نے حضرت مجدد کے جملہ اصل مکاتیب کو منگوا کر پڑھا۔ تب ان پر اس حذف و زیادتی کا حال کھلا جو عربی ترجمہ میں تھی۔ پھر شیخ نورالدین محمد بیگ نے ایک جوابی رسالہ لکھا۔ نیز حضرت کے بعض مکاتیب کی عبارتوں کا عربی میں صحیح ترجمہ کیا۔ اس طرح برزنجی فتنہ ختم ہوا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

لیکن علمائے حق اور داعیانِ اقامتِ دین کی شان ہی یہ ہے کہ ان کی مخالفت میں فتنے اُٹھتے ہی رہتے ہیں، اور ایک ختم ہوتا ہے تو دوسرا سامنے آجاتا ہے۔

اسی کتاب میں مذکور ہے کہ آگرہ یونیورسٹی کے شیعہ نوجوان اطہر عباس رضوی ایم اے پی ایچ ڈی۔ (ریڈر و صدر شعبۂ تاریخ جموں وکشمیر یونیورسٹی) نے انگریزی میں ایک کتاب (مطبوعہ ۱۹۶۵ء) بہ عنوان "سولھویں اور سترھویں صدیوں میں شمالی ہند کی مسلم احیائی تحریکیں" (اصل انگریزی نام) (MUSLIM REVIVALIST MOVEMENTS IN NORTHERN INDIA IN THE 16 TH & 17 TH: CENTURIES) لکھی ہے۔ اس کتاب میں حضرت مجدد کے افکار اور اُن کے نام کی مخالفت میں اظہارِ خیال کیا گیا ہے۔ کتاب بظاہر بڑی تحقیقی ہے، مگر رسالہ معارف اعظم گڑھ کے جو تنقیدی پیراگراف درج ہیں، اُن سے معلوم ہوتا ہے کہ حقیقت میں ماخذ بڑے کمزور ہیں۔ نیز زبان بڑی گھٹیا استعمال کی گئی ہے اور حملے گستاخانہ ہیں۔ جبکہ ایک یہودی مصنف واڈی فریڈ مان نے حضرت مجدد کے متعلق جو مقالہ (شیخ احمد سرہندی اور آئندہ نسلوں کے بارے میں ان کا نظریہ) کتابی شکل میں میکگل یونیورسٹی پریس مانٹریال سے ۱۹۷۱ء میں شائع کرایا ہے، اس کی زبان زیادہ شائستہ ہے۔ مستزاد یہ کہ یہودی مصنف نے اطہر عباس کے خیالات پر اعتراضات کیے ہیں۔ معارف کا تبصرہ بڑی علمی سطح کا ہے اور پڑھنے کے قابل ہے۔

حضرت مجدد کے مکاتیب کے بارے میں میں مختصراً یہ کہنا چاہتا ہوں کہ یہ جہاں ایمانیات و عرفانیات کا مجموعہ ہیں، وہاں ان کا ادبی معیار بھی خاصا دلکش ہے۔ صاحبِ مکاتیب آیات و احادیث کے ساتھ ساتھ نہایت مؤثر اشعار بھی شاملِ تحریر کرتے ہیں اور خاص اصطلاحات اور تشبیہیں وضع کرتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ وہ اسلام کے پیغام کو اپنے دور کی ذہانت کے قریب لانے میں کامیاب رہے۔

اسی کتاب میں ناشر کی یہ فریاد پڑھ کر افسوس ہوا کہ مکتبہ سراجیہ نے مولینا محمد منظور نعمانی سے جن تین کتابوں کے حقوقِ اشاعت حاصل کیے تھے، اُن کا لحاظ کیے بغیر لاہور کے کسی ناشر نے ان میں سے ایک کتاب شائع کر دی ہے۔ ناشرین کا بھی ایک ضابطۂ اخلاق ہوتا ہے اور بڑی بڑی قوموں کے غیر مسلم ناشرین تک خلاف ورزی نہیں کرتے، خصوصاً وہ مسلم ناشرین جو دینی کتب شائع کرتے ہوں، اُن کی ذمہ داری تو اور بھی نازک ہوتی ہے۔ جن ناشر صاحب نے ایسی حرکت چند روپوں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کی خاطر کی ہے۔ وہ خدا کے خوف اور آخرت کی جوابدہی کے ایمان سے کام لے کر محمد سعد سراجی مرشد بابا سے نہ صرف معافی مانگیں بلکہ ناجائز طور پر حاصل کردہ مالی مفاد بھی اُن کے حوالے کر دیں۔

---

**تذکرۂ امامِ ربّانی، مجدّدِ الفِ ثانی**

مرتبہ: مولینا محمد منظور نعمانی۔ مدیر الفرقان لکھنؤ

ناشر: مکتبہ سراجیہ، خانقاہ احمدیہ سعیدیہ موسیٰ زئی شریف ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں

ضخامت: ساڑھے تین سو صفحات۔ دبیز سرورق

قیمت: -/۲۲ روپے

حضرت شیخ احمد مجدّد الف ثانی، برصغیر میں تحریک نظامِ اسلامی کے بانی ہیں۔ یہ سچا مسلمان اور یہ سچا صوفی اُس ذمہ داری کو خوب سمجھا جو رسولِ آخر الزمان کے ہر اُمتی پر عائد ہوتی ہے۔ بہت سے خلوتیانِ تصوف کی نگاہوں سے یہ ذمہ داری اوجھل رہی۔ انہوں نے ساری توجہ انفرادی روحانی اصلاح اور آخروی کامیابی پر صرف کر دی، مگر اس دنیا کی اجتماعی زندگی سنوارنے کا جو بھاری فریضہ ہر صاحبِ ایمان کو پکارتا رہتا ہے، وہ درکنار رہ گیا۔ حضرت شیخ احمدؒ نے تصوف کے ساتھ سیاسی تصرف کا حق بھی ادا کیا۔ اور آپ کے کارنامے نے مغلیہ سلطنت کے آخری دور کی تاریخ کو منور کر دیا۔ دعوتِ مجددی کی شعاعیں آج تک برصغیر کی ملتِ اسلامیہ کی ذہنی دنیا کو روشنی و حرارت دے رہی ہے۔

حضرت مجدّد کے کارنامے کو مختلف پہلوؤں سے دیکھا جا سکتا ہے۔ میرے نزدیک جہاں حضرت کی مساعی الحاد اور رفض اور بدعت کے خلاف ایک جہاد کی نوعیت رکھتی ہیں، وہاں بڑی عظیم خدمت یہ انجام پائی کہ ہندو تہذیب کے آخری زوردار ترین حملے کا آپ نے ایسا کامیاب مقابلہ کیا کہ شاہی محل اور دربار کو جس سیلاب کی موجوں نے پوری طرح اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا اس کا منہ پھیر دیا۔ مسلمانوں کے لیے یہ زمانہ بڑا سنگین تھا جب کہ اُن کے علماء کو قتل یا جلاوطن کیا گیا۔ ان کے اعتقاد مسخ کئے جانے لگے، اُن کے نظامِ عبادات کو خراب کیا گیا، ان کے شعائر کو اضحوکہ بنا دیا گیا۔ شراب اور قمار کو فروغ ملا۔ کتوں اور سوروں کو معزز جانور قرار دیا گیا۔ ڈاڑھیاں منڈوانے کی رسم نے پہلی بار عمومیت اختیار کی، جبینوں پر قشقے لگائے جانے لگے۔ دینِ الٰہی کے نام سے ایک گلدستہ نما پچ رنگا مذہب اس لیے ایجاد کیا گیا کہ ہندو مسلمانوں کی متحدہ وطنی قومیت مسلط کی جا سکے۔

© rasailojaraid.com